علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

کلیۂ عربی وعلومِ اسلامیہ

(شعبہ مطالعات بین المذاہب)

کورس کانام: مطالعہ ہندومت اور بدھ مت (4959) سمسٹر: بہار، 2026ء

سطح: بی ایس علوم اسلامیہ کریڈٹ: 3

ہدایات برائے طلبہ

عزیز طلبہ! السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

امید ہے کہ آپ بعافیت ہوں گے۔آپ کے کورسز کے ساتھ آپ کو مشقی سوالات بھی بھیجے جارہے ہیں۔آپ مشق حل کرنے کے سلسلے میں مندرجہ ذیل امور کا خاص خیال رکھیے۔

☆یونیورسٹی کی نئی پالیسی کے مطابق امتحانی مشق کمپوز کر کے جمع کروانا ضروری ہے،اس سلسلے میں مندرجہ ذیل امور کا خیال رکھیے:

1. مشق حل کرنے سے پہلے سوال اچھی طرح پڑھ اور سمجھ لیجیے۔ سوال کے تمام اجزاء کا جواب دیجیے۔

2. جوابات تحریر کرنے سے قبل کتب کا بار بار مطالعہ کر کے اس سے جواب اخذ کیجیے۔

3. جوابات تحریر کرنے کے لیے صرف درسی کتاب پر اکتفانہ کیجیے بلکہ کتاب میں مذکور امدادی کتب اور دیگر مستند اور مفید کتب سے بھی ضرور استفادہ کیجیے۔

4. جواب اپنے الفاظ میں تحریر کیجیے۔ اگر کہیں اقتباس دینا ضروری ہو تو اس کا (تحقیقی انداز میں) حوالہ حاشیے میں دیجیے۔ اگر کسی ماخذ سے حاصل شدہ معلومات اپنے الفاظ میں لکھ رہے ہیں تو بھی مکمل حوالہ دیجیے۔

5. امتحانی مشق کی کمپوزنگ میں اردو کے لیے اردو رسم الخط کا فونٹ منتخب کیجیے۔

6. عربی عبارات کے لیے عربی فونٹ استعمال کیجیے۔

7. امتحانی مشق کے ہر صفحہ پر اپنا نام، رول نمبر اور رجسٹریشن نمبر لازمی درج کیجیے۔

8. جواب لکھنے کے بعد نظرِ ثانی کیجیے۔ قرآنی آیات، احادیثِ نبویہ اور املاء کی غلطیاں ناقابل قبول ہیں۔

9. امتحانی مشق مکمل کرنے کے بعد مکمل مشق کو پی ڈی ایف (PDF) فارمیٹ جو کہ 5MB سے زیادہ نہ ہو، میں منتقل کر کے ایل ایم ایس (LMS) اکاؤنٹ کے ذریعے اپنے متعلقہ ٹیوٹر کو بروقت ارسال کیجیے۔ (امتحانی مشق الگ سے ڈاک میں بھیجنے کی ضرورت نہیں)

☆کسی معاملے میں کوئی مشکل درپیش ہو یا ابہام ہو تو اپنے ٹیوٹر کو براہِ راست یا ہمیں خط لکھ کر وضاحت حاصل کر لیجیے۔

☆ کورس کے حوالے سے تعلیمی رہنمائی کے لیے اپنے ٹیوٹر سے رابطہ کیجیے۔ کورس کے اختتام پر اپنی رائے اور تجاویز رابطہ کار کو ضرور ارسال کیجیے۔ محبت اور دعاؤں کے ساتھ۔

والسلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

کورس رابطہ کار

عثمان علی شیخ

لیکچرر، شعبہ مطالعات بین المذاہب

علامہ اقبال اوپن یونی ورسٹی، اسلام آباد

کلیہ عربی وعلوم اسلامیہ

(شعبہ مطالعات بین المذاہب)

وارننگ

عزیز طلبہ! آپ یہ بات ذہن نشین کر لیں کہ:
1۔ اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلہ پر ہو جائے۔
2۔ کسی دوسرے طالب علم سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی "مواد کی چوری" Plagiarism پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔

کورس: مطالعہ ہندومت اور بدھ مت (4959) سمسٹر: بہار، 2026ء

سطح: بی ایس (علوم اسلامیہ) کریڈٹ: 3

برائے مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے۔ (ہدایات برائے طلباء ایسوسی ایٹ ڈگری، بی ایس، بی ایڈ، ایم اے، ایم ایس سی، ایم ایڈ، ایم فل اور پی ایچ ڈی)

1) تمام سوالات لازمی ہیں اور تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں البتہ سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔
2) سوالات کو توجہ سے پڑھیے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجیے۔۔ سوال کے تمام اجزاء کا جواب دیں۔
3) ہاتھ سے تحریر شدہ یا سکین (scanned) امتحانی مشقیں قبول نہیں کی جائیں گی۔
4) ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں (word یا PDF فارمیٹ) میں LMS پر بروقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اپ لوڈ کریں۔
5) مقررہ تاریخ کے بعد/ تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپ لوڈ نہ ہو سکیں گی جس کا ذمہ دار طالب علم ہی ہو گا۔
6) آپ کے تجزیاتی اور نظریاتی طرز تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔
7) غیر متعلقہ بحث/ معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجیے۔

کل نمبر:100 کامیابی کے نمبر:50

امتحانی مشق نمبر1

(یونٹ نمبر1-4)

سوال نمبر1۔ ہندومت کی وجہ تسمیہ کیاہے؟ نیز بدھ مت اور جین مت کے ظہور پر مختصر نوٹ لکھیں۔ (20)

سوال نمبر2۔ شرتی اور سمرتی میں کیافرق ہے؟ نیز بتائیں کہ ویدک ادب کی مختلف تقسیمات کیاہیں؟ (20)

سوال نمبر3۔ برہمنہ اور آرنیکاپر نوٹ لکھیں۔ (20)

سوال نمبر4۔ رامائن کے مرکزی مباحث بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر5۔ ہندومت کے نظام ہائے فکر میں سے سانکھیہ اور یوگ پر نوٹ لکھیں۔ (20)

کل نمبر:100 کامیابی کے نمبر:50

امتحانی مشق نمبر2

(یونٹ نمبر5-9)

سوال نمبر1۔ برہمن سنیاسی اور شرمن روایات کے بارے میں تحریر کریں۔ (20)

سوال نمبر2۔ بدھ سنگھ پر مختصر نوٹ لکھیں۔ (20)

سوال نمبر3۔ گوتم بدھ کا خاندانی پس منظر کیا تھا؟ نیز ان کے حصول نروان کا مختصر احوال بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر4۔ بدھ مت کا نظریۂ نفس اور روح کیاہے؟ (20)

سوال نمبر5۔ بدھ مت کے بیان کردہ ہشت پہلو راستے کے بارے میں نوٹ لکھیں۔ (20)